CLASS VII

URDU

SUPPORT MATERIAL

PERIODIC TEST I

سبق: میرا وطن

1۔ مصرعے مکمل کیجئے:

(i) وہ چڑیا وہ طوطا وہ مینا وہ مور۔ (ii) وہ کوئل وہ بلبل وہ قمری، چکور۔

(iii) وہ سرسبز اس کے پہاڑ اور بن۔ (iv) یہ میرا وطن ہے یہ میرا وطن۔

2۔ جملے بنائیے:

(i) دریا: یہ دریا بہت بڑا ہے۔

(ii) پہاڑ: ہمالیہ پہاڑ سب سے اونچا ہے۔

(iii) وطن: میرے وطن کا نام ہندوستان ہے۔

(iv) منظر: صبح کا منظر دیکھنے کے لائق ہوتا ہے۔

(v) چمن: چمن میں پھول کھلتے ہیں۔

3۔ واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے:

(i)	چڑیا چڑیوں	(ii)	بلبل بلبلیں
(iii)	جھیل جھیلیں	(iv)	دریا دریاؤں
(v)	جھرنوں جھرنا	(vi)	پہاڑ پہاڑوں
(vii)	میوے میوہ	(viii)	ترکاریاں ترکاری
(ix)	باغ باغوں	(x)	کیاری کیاریاں
(xi)	چشمہ چشمے	(xii)	خوبیاں خوبی

سبق: اعتبار

1۔سوال/جواب:

(i) بابا بھارتی اپنا گھوڑا دیکھ کر کیوں خوش ہوتے تھے؟

جواب) بابا بھارتی کا گھوڑا بہت خوب صورت تھا۔ وہ اس سے بہت پیار کرتے تھے اور اسے دیکھ کر ایسے خوش ہوتے جیسے ماں اپنے بیٹے کے اور زمیندار اپنے کھیت کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔

(ii) کلہن کون تھا اور بابا اس سے خوف زدہ کیوں رہتے تھے؟

جواب) کلہن اس علاقے کا مشہور ڈاکو تھا اور بابا اس سے خوف زدہ اس لیے رہتے تھے کہ کہیں کلہن ان کا گھوڑا چرا کر نہ لے جائے۔

(iii) بابا بھارتی نے کلہن سے کیا درخواست کی؟

جواب) بابا بھارتی نے کلہن سے یہ درخواست کی کہ اس واقعہ کا ذکر کسی سے نہ کرنا ورنہ لوگوں کا غریبوں پر سے اعتبار اٹھ جائیگا۔

2۔جملے بنائیے:

(i) لہلہانا: بارش میں کھیتوں کا لہلہانا اچھا لگتا ہے۔

(ii) فریفتہ: بابا بھارتی اپنے گھوڑے کی چال پہ فریفتہ تھے۔

(iii) خوف: ہمیں خدا کا خوف ہونا چاہیے۔

(iv) مہربانی: مہربانی کر کے مجھے کچھ روپے دے دو۔

(v) قسمت: میری قسمت بہت اچھی ہے۔

(vi) احتیاط: ہمیں احتیاط سے سڑک پار کرنی چاہیے۔

(vii) قوت: ہر کسی کو اپنی قوت کا اندازہ ہوتا ہے۔

(viii) درخواست: میری چھٹی کی درخواست منظور ہوگئی۔

سبق: گرمی کا موسم

1۔اشعار کو مکمل کیجئے:

(i) بجے بارہ تو سورج سر پر آیا ہوا پیروں تلے پوشیدہ سایا

(ii) زمیں ہے یا کوئی جلتا توا ہے کوئی شعلہ ہے یا پچھوا ہوا ہے

(iii) نہ پوچھو کچھ غریبوں کے مکاں کی زمیں کا فرش ہے چھت آسماں کی

(iv) نہ پنکھا ہے، نہ ٹٹی ہے، نہ کمرہ ذرا سی جھونپڑی محنت کا ثمرہ

(v) امیروں کو مبارک ہو حویلی غریبوں کا بھی ہے اللہ بیلی

2۔جملے بنائیے:

(i) لَپٹ: گرمیوں میں دھوپ کی لپٹ تیز ہوتی ہے۔

(ii) ثمرہ: یہ تمھاری محنت کا ثمرہ ہے

(iii) محنت: ہمیں ہر کام محنت سے کرنا چاہیے۔

(iv) مبارک: میں تمہیں عید کی مبارک باد دیتا ہوں۔

(v) تَوا: توا گول ہوتا ہے۔

3۔ان لفظوں کے متضاد لکھیے۔

(i) پوشیدہ آشکار

(ii) دھوپ چھاؤں

(iii) شعلہ شبنم

(iv) فرش عرش

(v) غریب امیر

(vi) آسمان زمین

(vii) گرمی سردی

سبق: بی امّاں

1۔سوال/جواب:

(i) بی امّاں کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

جواب) بی امّاں کا تعلق رئیسوں اور منصب داروں کے خاندان سے تھا۔

(ii) شوہر کے انتقال کے بعد بی امّاں نے اپنے بچوں کی پرورش کس طرح کی؟

جواب) شوہر کے انتقال کے بعد بی امّاں نے اپنے بچوں کی پرورش خصوصی ڈھنگ سے کی۔انھوں نے اپنے زیور گروی رکھ کر اپنے بچوں کے تعلیم دلوائی۔

(iii) بی امّاں کی آخری خواہش کیا تھی؟

جواب) بی امّاں کی آخری خواہش تھی کہ وہ ہندوستان کی آزادی اور ہندو مسلم اتحاد کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔

2۔جملے بنائیے:

(i) بزرگ: ہمیں اپنے بزرگوں کی خدمت کرنی چاہیے۔

(ii) اصرار: اس کے بہت اصرار کرنے پر میں نے تحفہ لے لیا۔

(iii) تربیت: ماں باپ اپنے بچوں کو اچھی تربیت دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

(iv) رخصت: دعوت کے بعد میں اپنے دوست کے گھر سے رخصت ہوا۔

(v) حوصلہ: میرے استاد نے میری حوصلہ افزائی کی۔

(vi) خواہش: انسان کی ہر خواہش پوری نہیں ہوتی۔

3۔خالی جگہوں کو صحیح لفظ سے بھریے:

(i) مولانا محمد علی جوہر کی والدہ بی امّاں کے طور پر جانی جاتی تھیں۔

(ii) بی امّاں کا تعلق رئیسوں اور منصب داروں کے خاندان سے تھا۔

(iii) علی برادران نے قلم اور زبان کے ذریعہ انگریزوں کو خلاف آواز بلند کی۔

(iv) ہندوستان کی آزادی اور ہندو مسلم اتحاد کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔

(v) انگریز حکومت نے انھیں ریلوے اسٹیشن پر روک دیا۔

4۔ان لفظوں کے متضاد لکھیے۔

(i) آزادی غلامی

(ii) نفرت محبت

(iii) اقرار انکار

(iv) رئیس غریب

(v) شروع ختم

(vi) مبارک نامبارک